A Reflection of Our Life

QUARTERLY YOON PESHAWAR

Jan-March 2017

Editor: M. Akbar Hoti

Co-Editor: Abdul Latif

Designing and Photography: Abdul Majid Khan

Illustration and Painting: Pir Hamid Khesgi

Advisory Council: Ajmal Khan, Naeem Safi, Riaz Khan

Languages and Literature Unit

Directorate of Culture Khyber Pakhtunkhwa, Peshawar

Contacts:

Phon: 0919211200

Fax: 0919211220

Email: yooneditor@culture.kp.gov.pk

Web: www.culture.kp.gov.pk/homepage/e_magazine

سه ماہی یون پشاور

جنوری تا مارچ ۲۰۱۷

مدیر! محمد اکبرہوتی

معاون مدیر! عبدالطیف

ڈیزائننگ و فوٹو گرافی ! عبدالماجدخان

السٹریشن و پینٹنگ: پیر حامد خویشگی

مشاورتی کونسل: اجمل خان، نعیم صافی، ریاض خان

اہتمام: زبان او ادب یونٹ محکمه ثقافت خیبرپختونخوا

رابطه:

فون: ۰۹۱۹۲۱۱۲۰۰

فیکس: ۰۹۱۹۲۱۱۲۲۰

ای میل: yooneditor@culture.kp.gov.pk

ویب سائیٹ: www.culture.kp.gov.pk/homepage/e_magazine

CONTENTS

6 حجرہ پشتون ثقافت کا ایک مرکزی ادارہ

8 چیلم سے وابستہ زبانی روایات

10 روائتی کھیل "دوسے"

12 پشتو فلموں کا عروج و زوال

13 شٹل کاک برقعہ

14 ہنرمند پختونخوا

15 خیبرپختونخوا میں اشاعت کتب

17 خیبرپختونخوا کی ثقافتی صنعتیں اور اسکی بقاء

18 چترال میں بولی جانی والی زبانوں کے مسائل

19 د پښتوژبې يو دردېدلے غزل گو شاعر پروفيسر

23 د شاهکار شاعری

25 دپښتو اولسی سندرې

29 کسب گر

33 کندھارا

35 پشور تے فت بال

38 کاوا خانہ

Our Literature And Contemprory Requirments 40

Creative Economy And Its Challenges In Kp 41

Socio-economic Causes Behind Devaluation Of Pashtun Values 42

Seminar In Im Sciences 43

Can You Understand The Words I Utter? 45

The Start Of Formal Art Education In Khyber Pakhtunkhwa. 47

Rivaval Of Indeginous Heritage Culture (rich) 48

Langari 40

اداریہ

محکمہ ثقافت کی تاریخ کا پہلا ای میگزین "یون" کے بنیادی مقاصد

مملکت خداد پاکستان دنیا کی بڑی تہذیبوں کی سرزمین ہے جس میں گندھارا دنیا کی سات بڑے تہذیبوں میں شامل ہے، جو دو ہزار سال پرانی تاریخ رکھتی ہے۔ خیبرپختونخوا گندھارا تہذیب کا اصل گڑھ ہے جو کہ جغرافیائی لحاظ سے پاکستان کا ایک نہایت اہم صوبہ ہے جس کے ساتھ چین اور افغانستان کی سرحدات بھی لگی ہوئی ہیں۔ خیبرپختونخوا کو صوبہ کی حیثیت 1901 میں دی گئ جسکا سابقہ نام شمال مغربی سرحدی صوبہ تھا جو کہ بعد میں آٹھارھویں ترمیم کے ذریعے نام تبدیل کرکے خیبرپختونخوارکھا گیا۔ یہ صوبہ تاریخی اعتبار سے وسطی ایشیا اور برصغیر کے دروازے کی حیثیت رکھتا ہے، قدرتی وسائل سے مالامال ملک کا یہ خطہ زبان و ادب اور ثقافت کے حوالے سے بھی رنگارنگی رکھتا ہے، صوبہ خیبرپختونخوا میں زبانوں کی تنوع اور رنگا رنگی کے ساتھ ساتھ مختلف ثقافتیں بھی ہیں جس نے اس صوبے کو ایک رنگین عکس بخشا ہے۔ صوبہ خیبرپختونخوا میں میدانی علاقے ،جنگلات، معدنیات، دریا، آبشار، جنگلی حیات، گیس اور تیل کےبڑے بڑے ذخائر موجود ہیں جو اس صوبے کی اصل دولت ہیں، چونکہ پچھلی کئی دہائیوں سے پورا ملک عمومی طور پر اور خیبرپختونخوا خصوصی طور پر دہشت گردی کا شکار رہا، تو اس دہشت گردی کی لہر سے صوبے کی ثقافت، ادب اور اقتصاد بھی بری طرح متاثر ہوچکی ہے۔ موجودہ حکومت نے ان عوامل کو مد نظر رکھتے ہوئے صوبہ خیبرپختونخوا کی اصل ثقافتی تصویر کو پھر سے بحال کرنے کا فیصلہ کیا ہے، کیونکہ اصل میں ثقافت کی بحالی ایک طرح سے اقتصاد کی بھی مضبوطی ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ ثقافت نے ثقافتی ورثے کی بحالی کے لئے ثقافتی ماہرین کے زیر نگرانی نئے یونٹس کا آغاز کیا ہے جس میں تحقیقی و دستاویزاتی، تخلیقی معاش، کرافٹ اور بصری، زبان و ادب اور نیو میڈیا یونٹس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ متذکرہ بالا یونٹس خیبرپختونخوا میں ثقافتی صنعت کو مضبوط کرنے میں مہم کردار ادا کرہے ہیں، لیکن ان یونٹس کی تمام سرگرمیوں سے دنیا کو آگاہ کرنے کے لئے اور خیبرپختونخوا کی زبان و ادب اور ثقافت کی ترقی و ترویج اور قومی اور عالمی برادری کو آگاہ کرنے کے لئے ایک ای میگزین "یون"کا اغاز کیا جا رہاہے۔ "یون" خیبرپختونخوا کی چار زبانوں کا اجتماعی لفظ ہے، پالولا، اشوجو اور torwali زبانوں میں "یون" چاند کو کہا جاتا ہے۔ ذکرشدہ زبانیں خیبرپختونخوا کی وہ زبانیں ہیں جو کہ اب معدوم ہوتی جارہی ہیں۔ یہ زبانیں اس خطے کی قدیم زبانیں ہیں اور آریائی زبانوں کی فہرست میں شامل ہیں ۔ اسی طرح پشتو زبان میں "یون" چلن، رفتار اور سفر کو کہا جاتا ہے۔خیبرپختونخوا کے کلچر کی مثال سورج کی کرنوں کی طرح ہے جو اپنی روشنی چاند یعنی" یون" کو عطا کرتا ہے اور اسی "یون" کی روشنی سے ہماری پہچان کو تقویت ملتی ہے، اگر سورج ہمارا کلچر ہے تو یہ ای میگزین ہمارا "یون" (چاند) ہے، اسی طرح پشتو میں "یون" رفتار کو کہا جاتا ہے ۔ یعنی خیبرپختونخوا کا کلچر "یون" کے ذریعے اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہے۔ خدا کے فضل و کرم سے "یون" کی پہلی کاوش آپ کے زیر مطالعہ ہے۔اس ای میگزین کا بنیادی مقصد خیبرپختونخوا کے ادب و ثقافت کو ملکی اور بین الاقوامی سطح پر نمایاں کرنا ہے اور دنیا کو مثبت پیغام دینا ہے کہ خیبرپختونخوا ادب، ثقافت اور تہذیب کے حوالے سے ایک ممتاز حیثیت کا حامل ہے۔ اس میگزین میں شعوری طور پر یہ سعی بھی کی گئی ہے کہ اس میگزین میں خیبرپختونخوا کی مادی، غیرمادی او نیم مادی فوکلور کی ترقی وترویج کے لئے معلوماتی اور تحقیقی مضامین شائع کئے جارہے ہیں تاکہ پڑھنے والوں کو نہ صرف سیکھنے کے لئے مواد مل جائے بلکہ یہ ایک تاریخی دستاویز کی حیثیت بھی اختیار کر سکے اور آنے والی نئی نسل کے لئے روشنی کا مینار ثابت ہو۔ اس میگزین میں سینئر اور تجربہ کار محقیقین ادیبوں اور لکھاریوں کے ساتھ ساتھ نوجوان لکھاریوں کو بھی مواقع ملیں گے تاکہ وہ اپنا نکتہ نظر عوام کو پہنچائیں۔ ابتدا میں یہ سہ ماہی ہوگا لیکن وقت کے ساتھ ساتھ یہ مجلہ ماہانہ مجلے کی شکل میں تبدیل ہوجائے گا۔ اس میگزین میں محض ادبی اور ثقافتی مضامین شائع کئے جائیں گے اور اسکے علاوہ اس میں محکمہ ثقافت کی مختلف سرگرمیوں‌کی رپورٹس بھی شائع کی جائیں گی، اسی طرح اس ای میگزین کے ذریعے ریاستی بیانیہ اور پالیسی کو بھی ملک کی سالمیت کے لئے پیش کیا جائے گا۔

METAL CARVING

Metal Chitarkari is an art used to carve shapes and designs on metal, brass, copper and bronze. Primarily done by hands, several tools such as hammer, chanary, parkars, toopydana etc. are used. Sometimes silver and gold is also used to fill lines carved on products.

This art of engraving is also used on stones and wood, evident in the Hazara region.

Go to Content Page

حجرہ پشتون ثقافت کا ایک مرکزی ادارہ

نورالامین یوسفزئی



میرے خیال میں تو اس بات کی وضاحت کی چنداں ضرورت نہیں کہ "پشتو"محض زبان کا نام نہیں یہ ایک قانون اور نظام کا بھی نام ہے۔ جسے "پشتونو لی"بھی کہتے ہیں ۔برطانیہ کے دستور کی طرح پشتونوں کا یہ آئین بھی لوگوں کے سینوں میں رقم ہے۔یہی وجہ ہے کہ جب ایک پشتون کسی دوسرے پشتون کو کوئی غلط اور بزدلی کی حرکت کرتے ہوئے دیکھتا ہے۔ تو فوراً کہتا ہے کہ تم کیسے پشتون ہو تم میں تو پشتوبی نہیں ہے اس جملے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ تمہارا عمل یا پھر تمہاری یہ حرکت اس قانون کے خلاف ہے جسے پشتو یا پشتونولی کہتے ہیں۔

پشتون ثقافت کا یہ سارا نظام "پشتونولی"کی بنیاد پر قائم ہے اور پشتونولی کے بنیادی اداروں میں حجرے کو کلیدی حیثیت حاصل ہے یہی وجہ ہے کہ جب کوئی تعلیم یافتہ فرد بھی اس قانون کو توڑتا ہے تو پشتون سماج میں لوگ کہتے ہے کہ اس شخص کو حجرہ اور جو مات (مسجد) کا پاس نہیں ہے اس کا مطلب یہ ہوتا ہے۔ کہ یہ کبھی حجرے میں نہیں بیٹھا ہے اس لئے اس نے پشتونولی کا سبق نہیں سیکھا ہے حجرہ کے علاوہ گودر (پن گھٹ) اور رہٹ کو بھی ماضی میں پشتون ثقافت میں مرکزی مقام حاصل تھا جدید سہولیات نے ان دونوں اداروں کی ضرورت کو ختم کردیا ہے اب ہر گھر میں نلکا لگا ہوا ہے تو کسی خاتون کو پانی لانے یا کپڑے دھونے کے لئے گھر سے باہر جانے کی ضرورت ہی نہیں حالانکہ گودرکے ساتھ رومانس کا تصور بھی منسلک تھا اسی طرح بجلی اور ٹیوب ویل کے بعد بیلوں کے ذریعے کنویں سے پانی نکالنے کی بھی ضرورت نہیں رہی اسی لئے رہٹ بھی اپنی روایتی صورت میں باقی نہیں رہا، یہی وجہ کہ پشتونولی کی نئی نسل کو ان تمام ضرب الامثال اور ٹپو کی سمجھ بوجھ نہیں جن کا تعلق گودر(پن گھٹ) اور رہٹ سے تھا ۔ پشتو کے معروف شاعر ڈاکٹر اسرار نے کیا خوب کہا ہے کہ

خلق بدل شو کہ بدل شولو وختونہ
جینکئی نہ رازی گودر تہ

ترجمہ: لوگ بدل گئے یا پھر زمانہ بدل گیا کہ اب لڑکیاں پنگھٹ نہیں آتیں۔

دراصل انسانی تہذیب کوئی منجمدے شے نہیں ارتقا اور تبدیلی ایک اٹل حقیقت ہے مگر کسی بھی ثقافت میں بعض ادارے اور اس کے بعض حصے ایسے بھی ہوتے ہیں جو کہ نہ صرف نئے دور کے نئے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوتے ہیں بلکہ تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ ان سے زیادہ فائدہ بھی اٹھایا جاسکتا ہے پشتونولی میں جرگہ اور حجرہ ایسے ادارے ہیں جو کہ اگر ایک طرف لازم وملزوم ہیں تو دوسری جانب آج کے پشتون اور آج کے ترقی یافتہ انسان کو اس کی زیادہ ضرورت ہے آئیے پہلے ہم حجرہ کے حوالے سے بات کرتے ہیں کہ حجرہ کیا ہے؟ ماضی میں اس کی کیا شکل اور پشتون سوسائٹی میں اس کا کیا کردار تھا اور آج کے دور میں اس کی کیا پوزیشن ہے۔ نیز ہم اکیسویں صدی میں اپنے اس قدیم ادارے سے کیسے استفادہ کر سکتے ہیں اس سلسلے میں سب سے پہلے "حجرہ "کے مفہوم کا جاننا ضروری ہے۔

مفہوم :

حجرہ عربی زبان کا لفظ ہے اور اس کے لفظی معنی ہیں کو ٹھڑی ، خلوت خانہ اور مسجد کے ساتھ ایک رہائشی کمرہ مگر اصطلاح میں پشتون سماج میں حجرہ ایک ایسی جگہ اور عمارت کو کہتے ہیں جو کہ سارے محلے کی ملکیت ہوتی ہے جس کی تعمیرمیں محلے یا پھر گاؤں کے تمام لوگوں

نے اپنے بساط کے مطابق حصہ لیا ہوا ہوتا ہے جبکہ محلے یا پھر گاؤں کے بڑے بزرگ اور خان محلے اور گاؤں کے تمام افراد کے مشورے اور مدد سے اس ادارے کو چلاتے ہیں یہ ایک ایسا ادارہ ہوتا ہے۔ جس میں سب کی رائے کو اہمیت دی جاتی ہے۔ تمام معاملات اور تنازعات پر باہمی مشاورت ہوتی ہے۔ البتہ محلے کے بزرگوں اور خاندان کے سربراہوں کی رائے کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔ دراصل حجرہ ایک کلب ہی ہے ایک تفریح گاہ بھی ایک فیصلہ گاہ اور جائے مشاورت بھی ہے یہ مساوی معاملات طے کرنے اور اس حوالے سے باہمی مشاورت کے طور پر اگر محلے یا گاؤں میں کوئی اجتماعی کام انجام دینا ہو اگر فصل کی کٹائی کا وقت ہویا پھر دوسرے ایسے کام کرنے پڑرہے ہوں جو کسی ایک فرد یا ایک خاندان کے بس کا روگ نہ ہوتو محلے کے افراد محلے کے حجرہ میں جمع ہو کر اس حوالے سے مشاورت بھی کرتے ہیں اور مسئلے کے حل کے لئے منصوبہ بندی بھی کرتے ہیں پشتو میں اجتماعی طورپر کوئی مادی سرگرمی انجام دینے کو "اشر"کہتے ہیں اور اشر کے لئے سار اپروگرام حجرے میں ترتیب دیا جاتا ہے۔ حجرہ محلے کی غم خادی خوشی غم کا مرکز بھی ہے جب کسی محلے میں کوئی فوت ہوتا ہے تو دوسرے محلوں اور دیہات کے لوگ متعلقہ خاندان سے اظہار تعزیت کے لئے محلے کے حجرہ میں آتے ہیں اسی طرح شادی اور منگنی کے موقع پر بھی محلے کے لوگوں کو حجرہ میں اکٹھا کیا جاتا ہے۔

حجرہ بنیادی طورپر ایک مہمان خانہ ہوتا ہے ۔ جہاں پر مہمان کو عزت کے ساتھ مفت کھانا اور رات بسر کرنے کے لئے بستر دیا جاتا ہے یہاں ایک اجنبی کو بھی وہ سب کچھ ملتا ہے۔ جو دوسرے معاشروں میں مدعو اور واقف لوگوں کو پیش کیا جاتا ہے۔ دراصل اجنبی سب لوگوں کا سانجھا مہمان تصور کیا جاتا ہے۔ حجرے کا ادارہ ہزاروں سال سے پشتون سماج میں مختلف ناموں سے موجود رہا ہے۔ اسلام سے پہلے بھی پشتون سماج میں حجرے اور جرگے کا تصور موجود تھا۔ البتہ اس زمانے میں حجرے کو "اُتل"کہا جاتا تھا۔ جب پشتونوں نے من حیث القوم اسلام قبول کیا تو پھر "اُتل"کو حجرہ کا نام دیا گیا۔

جیسا کہ کہا گیا ہے کہ حجرہ ہماری ثقافتی اور تفریحی سرگرمیوں کا بھی مرکز ہے ماضی میں حجرہ میں حقے کے ساتھ ساتھ ستار' رباب منگی (گھڑا) اور موسیقی کے دیگر روایتی آلات کے ساتھ سنگیت کے محفل سجا کرتے تھے یہی وجہ ہے کہ پشتو ٹپہ میں بھی حجرہ کا ذکر بہت آیا ہے مثال کے طورپر ایک غم زدہ دوشیزہ اپنے بے وفا محبوب کو اس انداز سے بددعا دیتی ہے۔

دجرے گوٹ درباندے پریوزہ
چہ دَ چیلم شپیلۍ دے خلہ کہ پاتے شینہ

حجرے کے اندر موسیقی کی جو محفل سجا کرتی تھی وہ اتنی پاک اور پوتر ہوتی تھی جتنی کوئل کی کوکو، جو شاعری سنائی جاتی تھی اس میں یا تو پشتونولی اور اس کے دیگر Dynamicsکا بیان ہوتا تھا یا پھر بہادر اور غیرت مندجوانوں کی بہادری کی داستانیں بیان کی جاتی تھیں۔

حجرہ میں محلے کے بزرگ اور بڑے بوڑھے اکٹھے ہوا کرتے تھے اور نوجوان ان بزرگوں سے سیکھا

کرتے تھے کیونکہ ان کی باتوں میں زندگی کا تجربہ بھی ہوتا تھا اور فہم وفراست بھی ہمارے تمام ضرب الامثال دراصل حجرہ کے آنگن میں تخلیق ہوتے ہیں اس حوالے سے اسے سماجی علوم کی ایک یونیورسٹی کی حیثیت حاصل تھی۔

حجرہ میں لوگ برابری کی بنیاد پر مکالمہ اور بات چیت کیا کرتے تھے اس سے معاشرے میں مکالمے Dialogueکے کلچر کو فروغ ملاکرتا تھا بلکہ آپس میں مشت وگریبان ہونے کے برعکس سردجنگ اور برداشت کا سبق سیکھا کرتے تھے۔

جرگہ فارسی زبان کا لفظ ہے اس کا ایک مطلب ہے سب کے سامنے کھل کربات کرنے کی ہر جگہ پشتون سماج میں جرگے کا اتنا احترام کیا جاتا ہے۔ کہ جو شخص جرگے کی بات ماننے سے ان کار کردیتا ہے یا منہ موڑ لیتا ہے تو اس کو جرگہ پلیت اور جرگہ بدرنگ کہا جاتا ہے۔ اور اسے اس کے بعد معاشرہ میں قدرکی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔حجرے میں ”جرگہ“بھی بلایا جاتا ہے۔ جرگہ ہماری ثقافت کا ایسا مضبوط ادارہ ہے کہ آج کی دنیا کو بھی اس فورم کی اشد ضرورت ہے کیونکہ قانون سزادیتا ہے۔ جبکہ جرگہ مسئلہ حل کرتا ہے۔ یہ ایک Dispute Resolution Bodyہے حجرہ میں جرگہ کے ذریعے جب فریقین کے درمیان مصالحت ہوتی ہے۔ تو اسے پشتو میں روغہ کہتے ہیں اور ”روغ“بیمار یا ٹوٹی شے کی ضد ہے یہاں کنہہ مشق، جہاں دیدہ اور بااعتماد بزرگ لوگوں کے تنازعات کا حل ڈھونڈتے ہیں بات چیت اور مکالمے سے معاملات طے کئے جاتے ہیں جو کہ شیوہ انسانی ہے کیونکہ انسان اپنے تمام تنازعات اور تمام معاملات بات چیت اور مکالمے سے حل کرتے ہیں جبکہ جانور مکالمے نہیں کر سکتے ان کے منہ میں کلو بھر زبان ہوتی ہے مگر پھر بھی ہم خود کو اہل زبان اور جانوروں کو بے زبان کہتے ہیں اور اسی لئے خالق بھی کہتا ہے۔ کہ میں نے انسان کو بیان کی قوت دی ہے گویا جرگہ اور حجرہ آج کے انسان کے بھی تمام مسائل حل کر سکتا ہے ننواتے، پٹکے اور تیگہ جر گہ کی مختلف صورتیں ہیں۔ ننواتے میں دشمن اپنے دیرینہ دشمن کی دہلیز پر جاکر پشیمانی کا اظہار کر تا ہے اور اس پر لازم ہو جاتا ہے کہ وہ اسے معاف کر دے جبکہ تیگہ عارضی فائر بندی کو کہتے ہیں۔ ماضی میں حجرہ زیادہ فعال تھا کیونکہ حجرہ محض سماجی ہی نہیں اقتصادی زندگی کا بھی مرکز تھا مگر زندگی کے بدلتے ہوئے دھارے اور تہذیب کی نئی کروٹوں نے ہماری ثقافت کے اس مضبوط، مثبت اور مرکزی ادارے کو بھی متاثر کیا ہے اگر چہ آج بھی پختونخوا میں اکثر دیہات میں حجرے آباد ہیں اور اکثر وبیشتر سماجی معاملات حجرہ کے آنگن میں طے کئے جاتے ہیں مگر بعض قصبوں اورخاص طورپر بڑے شہروں میں حجرہ یا تو سرے سے موجودہ نہیں اور اگر مردان اور پشاورکے مضافات میں حجرے آباد بھی ہیں تو ویران پڑے ہیں اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آج کے اس ترقی یافتہ دور میں ”حجرہ“کی ضرورت ہے کہ نہیں اور اگر ہے تو اس کی جدید شکل کیا ہونی چاہیے تو میرے تئیں آج کے پشتون کو حجرہ اور جرگے کی ضرورت ہے بلکہ ماضی کے مقابلے میں آج ہر پشتون کو ان دونوں اداروں کی زیادہ ضرورت ہے اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ اس اکیسویں صدی میں ایک جدید اور ماڈل حجرہ کی کیا صورت ہوسکتی ہے؟

قارئین نے دیکھا ہوگا کہ پشتون جب بھی کوئی نئی بستی سجاتے ہیں تو اس میں حجرہ نہیں بناتے، پہلے زمانے میں کوئی خیل یا کوئی محلہ آباد ہونے سے پہلے حجرے اور مسجد کا سوچا کرتے ہیں اب چونکہ پشتونوں کے اندر پشتون جینز تو موجود ہیں لیکن مہمان نوازی اور دیگر سماجی سرگرمیوں کے لئے اسے جگہ اور کوئی مقام تودرکار ہوتا ہے ’ اندر کی خواہش اور ذہنی رحجانات کے تحت وہ بیٹھک کی جگہ بڑے ”دیرے“تعمیر کرتے ہیں اور پھر اس دیرے کو حجرہ کی طرز پر چلانے کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔ انفرادی طورپر بڑے بڑے دیرے آباد کرنے کے لئے انہیں لاکھوں، کروڑوں روپیہ خرچ کرنے پڑتے ہیں اکثر مشاہدے میں آتا رہتا ہے کہ صاحب ثروت لاکھوں روپے خرچ کرکے ایک ”دیرہ“بناتا ہے اور پھر اسے کلو برابر تالہ لگا کر بند کردیتا ہے۔

میرے خیال میں اگر نئے بننے والے محلے ، ٹاؤن شپ یا پھر آباد شہروں میں قریب رہنے والے لوگ ایک تنظیم بنائیں اور پھر وہ تنظیم تمام محلے یا پڑوس کے لوگوں سے چندہ اکٹھا کرے اور ہر نئے محلے میں مسجد کے ساتھ ایک جدید حجرہ بھی تعمیر کرے تو انہیں انفرادی طورپر ”دیرے“تعمیر کرنے پر لاکھوں روپے خرچ کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی بلکہ سارا محلہ اگر تین تین لاکھ روپے اکٹھا کرے تو ایک ایسا حجرہ بنا یا جاسکتا ہے جس میں ایک طرف روایتی اور ثقافتی رنگ نمایا ں ہو تو دوسری جانب انٹرنیٹ اور دیگر جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی کو بھی اس حجرہ کی زینت بنایا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ حجرہ میں ایک چھوٹی سی لائبریری بھی بنائی جاسکتی ہے اس طرح آج کے دور کا نوجوان مجبوراً حجرے کی طرف رخ کرے گا، حجرے کو چلانے کے لئے متعلقہ تنظیم چنددکانیں بناکر ان کے کرایہ سے اس کا خرچہ چلاسکتے ہیں اگر آج کے والدین نے اپنے بچوں کی تفریح ان کی تربیت اور ان کے بہتر مستقبل بارے میں اس حوالے سے سوچا تو اس طرح حال ’ماضی اور مستقبل آپس میں جڑ سکتے ہیں اور آج کے نوجوان کو مکالمے صحت مند تفریح اور سیکھنے کے لئے ایک فعال فورم ہاتھ آسکتا ہے جبکہ بڑے بوڑھوں کو بھی مل بیٹھنے اور اپنی جذباتی ضرورت پوری کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ حجرہ میں محلے بھر کے لوگوں کا آنا جانا ہوگا تو کوئی براآدمی کوئی بری سرگرمی کا سوچ بھی نہیں سکے گا۔

چیلم سے وابستہ زبانی روایات

قاری جاوید اقبال



انسان چاہے جس قوم و قبیلے اور خطے سے متعلق ہو، اس کا اجتماعی شعور اُسے اس سماجی اور معاشرتی تقاضے کی طرف مائل رکھتا ہے کہ وہ اپنی مٹی اور مٹی سے اُبھرنے والی ثقافت و روایت سے رشتہ کسی صورت میں بھی نہ توڑے کہ اسی ثقافت روایت سے وہ اپنی مخصوص تہذیب میں داخل ہو کر اپنے علاقے اور خطے کا نمائندہ بنتا ہے۔ ہم جن باتوں اور حالات کو قدیم و جدید کے امتیازات سے جانتے ہیں، اگر ان پر غوروفکر کی ڈور کو ہلا کر سوچیں تو یہ حقیقت پوری طرح آشکار ہوجاتی ہے کہ جن واقعات و حالات میں انسان زندہ ہوتا ہے اور جن مشینی ایجادات کا مشاہدہ ہو رہا ہے، اُن کا سرا بھی قدیم کی اُن روایات سے ملتا ہے جنہیں ہم قدیم کے ثقافتی حالات میں دیکھتے اور پڑھتے ہیں۔ لیکن جو بات قدرتی اور فطرتی اصولوں کی بنیادوں پر استوار نظر آتی ہے وہ یہ ہے کہ بنی نوع انسان اپنے ذہن کی آسودگی اور دل کے اطمینان کو قدیم کے حالات اور روایات میں ہی تلاش کرتا ہے کہ بغیر اس کے نہ تو انسانی فطرت کے اطمینان کی کوئی سبیل ملتی ہے اور نہ ہی زمانہ حال کی کسی ترقی کا تصور مکمل ہوتا ہے اور نہ ہی مستقبل کے انسان کے عروج کی جانب کوئی راہنمائی ممکن ہے۔ مختصراً یہ کہ ہم زمانہ حال کی کسی اطمینان بخش فضا میں داخل ہی نہیں ہوسکتے جب تک کہ اپنے روایتی رشتوں اور زندگی کے معاملات کو ماضی سے جوڑے ہی نہ رکھیں ۔

ورثہ اُس وقت ورثہ ہے ہی نہیں جب تک کہ اُس کی معنوی حیثیت ماضی سے مربوط نہ ہو اسی نقطہ ثقافت و روایت پر ہی تاریخ کا وجود مبنی بر حق ہے ورنہ ماضی سے کٹ کر تاریخ کی کوئی حقیقت ہے ہی نہیں اگر آج کا کوئی جاگیردار و زمیندار کسی عظمت و بڑائی کا دعویدار ہے تو اُس کا دعویٰ انہیں مدفون و مردہ ہڈیوں کے مرہون منت ہے جن کی وراثت کا مالک بن کر وہ آج کی پرشکوہ زندگی سے لطف اندوز ہورہا ہے یا آنے والے وقت میں اُس کی نسل آسودہ حال زندگی کی تمنا رکھتی ہے۔ اسی طرح آج کی بڑی بڑی دیوہیکل مشینوں والی فیکٹریوں اور ملوں کا شور شرابا زمانہ ماضی کی پن چکیوں، اور جولاہے کی جولانیوں کے زیراثر چلنے والی کھڈیوں اور کمہاروں کی بھٹیوں سے واجب الممکنات ہے۔ اس لئے آج کے حالات و واقعات میں زندگی گزارنے والے انسان کو اس حقیقت کو اپنے ذہن میں محفوظ کرلینا چاہئے کہ آج کے حالات جس نوع و کیف کے بھی ہیں ماضی کے انسان کی چابکدستیوں کی وراثت ہیں اور یہی تاریخ کی اک سادہ سی حقیقت ہے جسے شاعر مشرق علامہ اقبال ان دو مصرعوں میں بیان کرتے ہیں :

یادِ رفتہ میری خاک کو اسیر ہے

میرا ماضی میرے استقبال کی تفسیر ہے

غرضیکہ ثقافت و روایت کے بغیر کسی تہذیب کے وجود کا کوئی تصور ممکن ہے ہی نہیں روایتی زندگی کا مفہوم و مطلب یہ ہرگز نہیں کہ روایت پر مبنی زندگی کے رنگ ڈھنگ کوئی عبث شئے کے درجے سے اُوپر والی کوئی چیز ہے ہی نہیں بعض حالات و واقعات میں تو وہ روایات جو غیر محسوس ہیں مگر زور آوری میں اتنی غیر معمولی شئے ہو جاتی ہیں کہ جن پر انسانی نفسیات اعصاب کی حقیقت نظرآتی ہے اگر مذہبی رجحانات کے پہلو سے اس کو پرکھا جائے تو اس قسم کی روایات مذہبی لوگوں کے عقیدے کی صورت میں پختہ تر ہیں اور اگر عام آدمی کے رجحانات کو سامنے رکھتے ہوئے ان حقائق پر سوچا جائے تو وہ جذبات و احساسات جو خطے و ماحول او مذہب و نظریہ کے انسان کی عادت و طبیعت کا لازمی حصہ ہیں انہی روایات پر اُن کی اٹھان ہوتی ہے ایسے میں وہ قصے اور داستانیں جنہیں نثری مقامی زبانوں میں بیان کیا جائے یا کہ منظوم انداز میں وہ ایک دم انسان کے دبے ہوئے احساس پر ضرب کاری لگا کر اُسے بیدار کردیتا ہے اس طرح لوگوں کی مقامی طور پر وہ روایتی زندگی جو کسی خاص طرز و حالت سے منسوب ہو تو اُس کا اظہار جب الفاظ کے روپ میں ہو تو وہ انسان کے اجتماعی احساس و جذبے کو بیدار کرنے کا ذریعہ ہوجاتا ہے مثال کے طور پر پشاور و مضافات میں بسنے والے لوگوں کی اجتماعی زندگی میں ''چلم نوشی'' کی جو روایت موجود ہے اس کو ماضی بعید سے لیکر زمانہ حال کے تسلسل تک اگر دیکھا جائے تو اس روایت کے اندر علاقے کی ثقافت کی جس پختہ کاری کا پتہ چلتا ہے اس کے ڈانڈے الفاظ کے روپ و جامے میں انسان کے اجتماعی احساس و جذبے میں جس خوبی سے اختصار کے ساتھ ملائے گئے ہیں جب اس کا مفہوم تشریح و ترجمہ کے ساتھ سامنے آجاتا ہے تو ہر خطے و فضا کا آدمی بلاتمیز متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا اس سے پہلے کہ میں علاقے کی زندگی کے اس روایتی پہلو کو بیان کروں یہ بتادینا ضروری سمجھتا ہوں کہ پشاور میں دو قسم کی باتوں کے حامل لوگ رہتے ہیں، ایک وہ جنہیں پشاور کا شہری کہا جاتا ہے اور وہ خاص پشوری ہندکو بولتے ہیں، دوسرے وہ لوگ جو کہ پٹھان قبائل سے متعلق ہیں اُن کی زبان پشتو ہے، ان دونوں گروہوں کی زندگی میں روایتاً جو طرز زندگی ہے وہ چلم نوشی سے متعلق ہے، بظاہر یہ ایک نشہ آور شئے ہے مگر اس میں تمباکو بھر کر جس خاص انداز و طور سے ''سوٹا'' لگایا جاتا ہے اس کے اثرات نہایت گہرے ہیں، وہ لوگ جو کہ شہری زندگی سے متعلق ہندکو دان ہیں ان کے گھروں میں مہمان خانے، بیٹھک کے طور پر معروف ہیں اور یہ چلم ہر گھر کی بیٹھک میں موجود ہوتی ہے جو آنے والے مہمانوں کیلئے مہمان نوازی کا ایک ذریعہ بھی ہوتا ہے اور گھریلو زندگی کی روایت کا ایک تسلسل بھی ہے اس چلم کی روایت سے متعلق بہت کچھ لکھا بھی گیا ہے اور گیتوں کے ٹپہ کی صنف میں بہت کچھ گایا بھی گیا ہے، چونکہ یہ چلمی روایت خاص کر پشتون یا پختون معاشرے کا ایک لازمی روایتی حصہ ہے جو دیہات کے ہر بڑے چھوٹے حجرے کی زینت ہے اور جس کے بغیر حجرے کا تصور ممکن نہیں ہوتا لہٰذا پشتو کے ٹپوں میں پختونوں کی روایتی داستانوں میں چلم کو ایک خاص موضوع بنا کر پیش کیا گیا ہے، پشتونوں کے علاوہ ہندکو دان شہریوں نے بھی چلم کی روایت کو کسی نہ کسی صورت میں پیش کیا ہے، مثلاً ہندکو کی پہیلیوں میں اس موضوع کو شامل کیا گیا ہے، ہندکو زبان کی ایک پہیلی ہے جو اکثر ہندکودان لوگوں کے گھروں کے زن و مرد اور بچوں اور بوڑھوں میں معروف ہے، جو اس طرح ہے:

اتنی جی بُگڑی بگ بُگ کردی

حسن پیارا پھڑ پھڑ کردی

اس پہیلی کا ٹھیک جواب چلم ہے۔ یعنی چلم کی روایت کا بیان شروع ہی سے بچوں کے ذہن میں ڈال کر اس بات کو پختہ کیا جاتا ہے کہ چلم سے پشاور کے شہریوں اور دیہاتیوں کا گہرا تعلق ہے، جو عام گھریلو زندگی سے لیکر یہاں کی مہمان نوازی پر بھی اثرانداز ہونے والی ایک روایتی شئے ہے۔

غرضیکہ چلم پشاور کے ہندکودان شہریوں اور پٹھانوں کے معاشرے اور سماج میں ان کی بیٹھکوں اور حجرں کا لازمی جز ہے، یہ چلم مہمان نوازی کا حصہ ہے ، مجلس کا سنگھار ہے اور سب سے بڑی بات یہ کہ غم و اندوہ کی کیفیت میں چلم کا سوٹا محبت بھرے دلوں کے ذکموں کی مرہم بھی ہے، ہزار ہا غم و اندوہ کی کیفیت ہو چلم غم و اندوہ کی شدت کے ہجوم میں مردوں کا ساتھ ہے مگر پشتو شاعری میں چلم کی روایتی زندگی کو جس طرح سے سمویا گیا ہے اس کی مثالیں نہیں ملتی اور شاعر کہتا ہے کہ چلم محبوبہ کو اس لئے پسند ہے کہ چلم کے نیچے پر محبوب کے ہونٹوں کا بوسہ ہوتا ہے۔ چنانچہ اس ٹپہ میں محبوبہ کہتی ہے:

چلم په شرع ناروا دے

په ما روا دے ، د یار غم غلطومه

ترجمہ: چلم شرع میں تو منع ہے ، لیکن مجھ پر اس لئے روا ہے کہ اس سے یار کا غم غلط ہوتا ہے۔

ما ئې د ښکلی چیلم زار کړې
چرې به سترې لالی خلهٔ ایښی وینه

ترجمہ: اس پیاری چلم کے صدقے جاؤں ، جس پر میرا تھکا ہوا محبوب منہ رکھتا ہے۔

محبت میں رقابت کا جذبہ بھی ساتھ ساتھ چلتا ہے، جس دل میں محبت کی آگ سینے کو پگھلا رہی ہو، اس دل میں رقابت کی چنگاریاں بھی سر اُٹھاتی ہیں یہی حال ایک پختون محبوبہ کا بھی ہوتا ہے وہ چلم کو اس لئے کوستی ہے کہا س کے محبوب کے ہونٹوں کا لمس چلم کے نچے کو چھوتا ہے ایسے میں محبوبہ کیلئے چلم رقیب بن جاتی ہے تو محبوبہ کیلئے رقابت و حسد کا جذبہ پیدا ہوجاتا ہےتو چلم کو یوں کہتی ہے:

چیلمه خداے کو چې دې مات کړم
مئین په ما دے غم په تا غلطوینه

ترجمہ: اے چلم خدا کی قسم تجھے توڑ کر رکھ دوں گی، وہ عاشق مجھ پر ہے اور دل تجھ سے بہلاتا ہے۔

چیلمه ښهٔ ئې، چې جانی
خلهٔ درباندې ږدی، ورسره دواړه لاسونه

ترجمہ: اے چلم تو مجھ سے بہتر ہے کہ میرا محبوب دونوں ہاتھ اور منہ سے تجھے چھوتا ہے۔

پھر جب محبوبہ اپنے محبوب کی چلم نوشی کی رغبت کو انتہائی درجے پر دیکھتی ہے تو محبوبہ اپنے محبوب کی اس درافتگی کا حل یہ ڈھونڈتی ہے کو جو شئے میرے محبوب کو پسند ہے اسے محبوبہ بھی پسند کرے کیونکہ پرخلوص محبت کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ محبوب کی پسند ہی دوست کی پسند ہوتی ہے اور پھر محبوبہ بھی اپنے محبوب کی پسند پر چلم نوشی کی عادت اپنا لیتی ہے اور کہتی ہے:

په کوټه سر کړه رادننه
په چلم زانګی تورې زلفی شنهٔ خالونه

ترجمہ: مرے محبوب تو آکوٹھڑی میں جھانک کے دیکھ، چلم پر سیاہ زلفیں اور سبز خال جھول رہے ہیں۔

پھر ان اشعار میں محبوبہ اپنے محبوب کو چلم سے اجتناب برتنے کی کس خوبصورتی کے ساتھ ترغیب دیتی ہے۔

په چلم چا عادت کړے یاره
د کاغذی شونډو نه خیژی شنهٔ رودونه

ترجمہ: میرے محبوب تجھے چلم کا عادی کس نے کیا ہے تیرے کاغذی ہونٹوں سے سبز دھواں نکلنے لگا ہے۔

اس کے بعد اس شعر میں چلم کے ساتھ محبوب کی ہرجائی کی طبیعت کو تشبیہہ دیکر نہایت ہی خوبصورت انداز میں محبوب کو چلم سے نفرت دلاتی ہے اور کہتی ہے:

داسې یاری خو نهٔ ده
کهٔ د چلم په نچه هر ښوک خلهٔ ایږدینه

ترجمہ: ایسے محبوب کی دوستی قبول نہیں جسے چلم کے نچے کی طرح ہر کوئی منہ لگائے۔

مگر جب ہر تدبیر و ترکیب بے اثر ثابت ہوتی ہے اور محبوب چلم نوشی کی عادت کو ترک نہیں کرتا تو پھر محبوبہ یہ تمنا کرتی ہے کہ وہ خود چلم اور اس کا دھواں بن جائے کہ محبوب کے منہ کے راستے اس کے دل میں اُتر جائے۔

ما د اشنا چلم دود کړې
چې د جانان زړهٔ د حال خبره شینه

ترجمہ: اے اللہ مجھے چلم کا دھواں بنا دے کہ محبوب کے دل کا حال معلوم کرسکوں ۔

ما د اشنا چلم نل وکړی
چې هر ساعت جانا خلې راباندې ږدینه

ترجمہ: اے اللہ مجھے چلم کی نل بنا دے کہ ہر وقت مجھ پر محبوب اپنا منہ رکھتا پھرے۔

چلم کے بارے میں پشاور اور پشاور کے معاشرے اور سماج سے متعلق جو بھی زبانی روایات گردش میں رہی ہیں ان کو شاعر نے اپنے شعروں کے ٹپہ کی صنف میں جس خوبی سے سمویا ہے جب ایک سندرغاڑے، یعنی پشتون گائیک اس ٹپہ کو گاتا ہے اور باجے کی آواز، طبلے کی تھاپ، رباب کی تاروں اور بانسری کی سروں میں مل کر جب یہ آواز اُبھرتی ہے تو یہ روایت چاہے جتنی روایت محض ہی کیوں نہ ہو، ایک زندہ حقیقت بن کر مشرق و مغرب ، افریقہ و عرب اور یورپ و ایشیا کے انسان کو ایک ہی طرح سے اس لئے پگھلا دیتی ہے کہ اس میں ہر بنی نوع انسان کے فطری جذبے اور احساس کی علمبرداری ہے اور یہی روایتی ثقافت سب انسانوں کیلئے امن و محبت کا لازوال درس دیتی ہے۔



روائتی کھیل "دوسے"

محمد عثمان مردانوی



انسان جہاں بھی ہے اس نے اپنی تفریح کے لئے کچھ نہ کچھ کھیل بنائے۔ پختونخوا بھی دنیا کے ان خطوں میں شامل ہے جو ایک تابندہ تہذیب و ثقافت یعنی گندھارا تہذیب کا امین ہے اس خطے میں انسانی سرگرمیاں قدیم دور سے شروع ہوئیں

پختونخوا کا ایک ایسا قدیم کھیل دوسے (Dosai) جس کے بارے میں نوجوان نسل کو پتہ ہی نہیں اس بارے میں بہت کم معلومات ہیں یا شائد اسی اور نوے سال عمر کے بزرگ جانتے ہو۔

دوسے کھیل کب اور کس نے شروع کیا؟ اس بارے میں کوئی مستند کتاب یا دستاویز نہیں۔ لیکن نسل درنسل یہ کھیل جاری رہا۔

لیکن اس کے بارے میں ایک مضبوط ثبوت یہ ہے کہ جب سوات میں بدھ کدہ آثار قدیمہ کی کھدائی ہورہی تھی تو اٹالین آرکیالوجی ٹیم کو دوسرے نوادرات کے ساتھ ساتھ دوسے کا ایک سل slab بھی ملا جس پر ایک خاص ترتیب سے لیکیریں کھینچی گئی تھی اور ساتھ ہی پتھر کی گوٹیاں بھی ملی ہے اس بات کی دلیل ہے کہ یہ کھیل گندھارا یعنی پختونخوا کا قدیم کھیل ہے

بدھ کدہ کے آثار قدیمہ بدھ مت کے کھنڈرات خانقاہ (سٹوپے وغیرہ) کا تاریخ تیسری صدی قبل از مسیح سے پانچویں صدی عیسوی تک ہے اس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ دوسے اس خطے کا قدیم ترین کھیل تھا دوسے کھیل مربع شکل میں ایک پتھر کو سل slab پر بنائی جاتی تھی پھر اس کے اندر دو اور مربع لیکیریں لگائی جاتی تھی اور پھر چاروں اطراف سے درمیان میں ایک ایک سیدھی لیکر لگائی جاتی تھی دوسے افراد دو افراد کھیلتے تھے یہ کھیل نو نو پتھر کی گوٹیوں سے کھیلی جاتی تھی

بنیادی طور پر دوسے کھیل دماغی ورزش کے طور پر کھیلے جانے والا کھیل ہے جس میں حاضر دماغی سے کام لینا پڑتا ہے

ہر کھلاڑی کے خلاف کھلاڑی کا گوٹیوں کا مارے دینے کے لئے پر عزم ہوتا ہے جب سامنے والا کھلاڑی مخالف کھلاڑی کے گوٹیوں کو مار دیتا ہے تو وہ فاتح ہوتا ہے دوسے کھیل ۱۹۸۰ کے دہائی تک دیہات تک موجود تھا اور چھوٹے بڑے اس کھیل کو شوق سے کھیلتے تھے لیکن اس کے بعد کمپیوٹر اور الیکٹرونکس کے جدید گیمز نے اس کو ختم کیا اور یہ کھیل نظرانداز ہوتے گیا یہاں تک کہ بہت سے لوگوں کے لئے یہ ایک مانوس اور معدوم کھیل ہے اس کھیل کے مثبت پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے دوبارہ نئے سرے سے معاشرے میں متعارف کردیا جانا چاہیئے ممکن ہے کہ یہ انسانوں کے درمیان بڑھتے ہوئے فاصلوں کو کم کرنے میں یہ کھیل بہت معاون ثابت ہوسکتا ہے۔

دوسے کھیل ۱۹۸۰کے دہائی تک دیہات تک موجود تھا



KARAKUL

"Karakul hat, popularly known as Jinnah cap in Pakistan, was much in use, till the late 1980s. It stood for 'an image' due to its symbolic association with the founder of Pakistan and was used by high officials and common citizens alike". Naeem Safi

The art is now in aging hands. Apart from a couple of artisans, located in Qissa Khwani Bazar, the work is now going towards extinction. For revival it needs to be promoted, preserved and used.

Go to Content Page

پشتو فلموں کا عروج و زوال

فخرالدین خویشگوی



دنیا ایک کہانی ہے اور ہر شخص اس کہانی کا جیتا جاگتا کردار ہے۔ انسان کو خاد نے دنیا میں عبادت کے لئے پیدا کیا ہے سوچنے کے لئے دماغ اور دھڑکنے والا دل دیا ہے لیکن جب دولت اور ہوس کی لالچ انسان پر غالب آجائے تو پھر انسان کی سوچ ختم ہوجاتی ہے دنیا میں آتے وقت انسان کے پاس جرائم کی فہرست نہیں ہوتی او نہ ہی کسی کے ہاتھ میں شرافت کی سند ہوتی ہے پھر انسان اپنی انسانیت کا گلہ اپنے ہی ہاتھوں سے گھونٹ کر درندہ کیوں بن جاتا ہے کون سچا ہے کون جھوٹا ہے اسکا فیصلہ آپ کریں گے۔

اب میں آپ کی توجہ فلم کے عروج و زوال کی طرف دلانا

چاہتا ہوں

تاریخی اعتبار سے پشتو فلموں کا آغاز ۱۹۷۰ سے ہوا پشتو کے مشہور شاعر علی حیدر جوشی نے یوسف خان شیربانو تحریر کرکت پشتو فلموں کا آغاز کیا جسے ناظرین نے بے حد پسند کیا اور اس فلم کے ہیرو بدرمنیر اور ہیروئن یاسمین خان کو شہرت کے بلندیوں تک پہنچایا اور یو مصنفین کی توجہ پشتو فلموں کی طرف مبذول کرائی اگرچہ فلم میں جو لباس اور مقامات دکھاۓ گئے

کہانی کے لحاظ سے بہت اچھے اور خوبصورت تھے فلم کے ڈائیلاگ بھی سادہ اور آسان طرز کے تھے اس کے باوجود اس دور میں فلم بہت مقبول ہوئی۔ اور آج لوگوں کے ذہنوں میں ایک ایک سین نقش ہے بعد میں بہت ساری فلمیں لکھی گئی مثال لے طور اوربل، خانہ بدوش آدم خان درخانے، عجب خان افریدے، میرنے رور، اقرار، آب حیات وغیرہ وغیرہ۔ اب سوچنے کی بات یہ ہے کہ وہ فلمیں کیونکر ہٹ ہوئیں اس لئے کہ اس میں پشتون کلچر اور معاشرے کہ سہی عکاسی کی گئی تھی۔ ناظرین میں اس لئے مقبول ہوئیں یہی وجہ تھی کہ سینما ہالوں میں لوگ دھڑا دھڑ کھچے چلے آرہے تھے۔

اور سینما ہال میں لوگوں کا ہجوم لگتا رہتا تھا۔ دراصل وہ فلمیں سبق آموز نصیحت آموز بامقصد اور



اصلاحی فلمیں تھیں فلم بین اسے دیکھ کر سبق حاصل کرتے تھے

فلم کی کہانی معاشرے کی کسی نہ کسی اچھائی برائی کو سامنے رکھ کر لکی جاتی تھی

مجھے آج بھی یاد ہے کہ ہمارے پڑوس کے دو سوتیلے بھائی آپس میں سخت دشمن تھے ان بھائیوں میں ایک بھائی نے پشتو فلم میرنے رور دیکھی تو دونوں بھائیوں نےآپس میں صلح کرلی اور سگے بھائیوں جیسے رہنے لگے۔ یہی وہ چیزیں تھیں کہ جنھوں نے پشتو فلم انڈسٹری کو دوام بخشی

مصنفین کا خیال تھا کہ ایسی کہانیاں لکھی جائے کہ ہر چھوٹا بڑا فلم دیکھ فخر محسوس کرے کہ اس نے فلم دیکھ کر دو یا تین گھنٹے ضائع نہیں کئے بلکہ اس سے سبق حاصل کیا فلم دیکھ کر ناظرین میں ملک و قوم کے لئے مرمٹنے کا جذبہ پیدا ہوجاتا۔ چونکہ ہر معاشرے میں اچھے برے لوگ ہوتے ہیں لالچی لوگ بھی ہوتے ہیں جو پیسے کی لالچ میں انہیں نہ اچھائی نظر آتی ہے نہ برائی

بدقسمتی سے پشتو فلموں کے ساتھ بھی کچھ ایسے ہوا، فلم انڈسٹری میں کچھ ایسے لوگ داخل ہوئے کہ انہیں صرف پیسہ کمانے کا خیال آیا اور لالچ میں آکر معاشرے کے ساتھ ساتھ پشتو فلم انڈسٹری کا بیڑہ غرق کردیا، نہ تو انہیں پشتون قوم کا خیال ذہن میں آیا اور نہ ہی پشتونوں کے غیرت کا خیال آیا اور نہ ہی فلم میں معاشرے نے بذات خود جتنی بھی اچھی فلمیں لکھیں حتی الوسع کوشش کی کہ اپنے اقدار اور کردار پر کوئی آنچ نہ آئے کھبی پشتون بھائیوں کی غیرت اور اقدار کی سودہ بازی کی

میں اللہ کے فضل و کرم سے آج بھی اپنے قوم اور معاشرے میں سرخرو ہوٓں کبھی بھی پیسوں کی لالچ میں آکر عریانی و فحاشی کا سہارا نہیں لیا

فلم وقت کی ضرورت ہے لوگوں کی تفریح کا ذریعہ ہے کلچر انفارمیشن کو شریک کرنے کا اہم ذریعہ ہے لوگ فلمیں دیکھنا چاہتے ہیں مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ اچھی اور عمدہ فلمیں بنائی جائیں

آج کے ناظرین اس انتظار میں ہیں کہ کب پاکستان فلم انڈسٹری میں اچھی فلمیں بنے گی۔ جس طرح پاکستانی ڈرامے پوری دنیا میں مشہور ہیں بالکل اسی طرح فلمی دنیا میں محنت کی ضرورت ہے تب ہفلم انڈسٹری اپنا کھویا وقار حاصل کرسکتا ہے۔

شٹل کاک برقعہ

صائمہ حسیب



دوسری قوموں کے مقابلے میں پختون قوم نے زمانے کے بدلتے ہوئے حالات کی پرواہ کئے بغیر اپنی روایات اور ثقافت کو ہمیشہ سنبھالے رکھا ہے۔ اگرچہ پختون تاریخ کے شواہد ۵۲۴قبل مسیح سے بھی پہلے سے ہیں مگر ہم سترہویں صدی کے بعد کے حالات کا جائزہ لیں تو ہمیں پختون روایات اور ثقافت کی بے نظیر مثالیں ملتی ہیں جن کے اثرات آج بھی پختون قوم میں دکھائی دیتے ہیں۔ ان روایات میں سے مذہب کے ساتھ دلی لگاؤ پختون قوم کا وطیرہ رہا ہے۔ اور دین اسلام کے بنائے ہوئے دیگر اصولوں مثلاً نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کے ساتھ ساتھ پختون خواتین نے پردے کا بھی خصوصی اہتمام کیا ہے۔ اور باپردہ رہنے کیلئے شٹل کاک برقعہ کو گھر سے نکلتے ہوئے اپنے لباس کا اہم حصہ بنائے رکھا۔ اگرچہ زمانے کے بدلتے ہوئے حالات اور دن بدن ترقی کی رفتار نے بہت کچھ تبدیل کردیا ہے مگر ان سب کے باوجود پٹھان بہت مضبوطی کے ساتھ اپنی روایات کے ساتھ جڑا نظر آتا ہے۔

دنیا کا ہر حصہ اپنی خصوصیت کی بنیاد پر دوسروں سے مختلف حقیقت رکھتا ہے۔ لیکن اگر بات کی جائے خیبر پختونخواہ کی تو یہ دنیا کا واحد حصہ ہے جو اپنی بہت سی مثبت خصوصیات کی وجہ سے دوسروں سے بہت زیادہ ممتاز ہے۔ خیبر کے مرد وں کی بہادری اور دلیری کے قصے ہر زبان زدوعام ہیں۔ دنیا اس بات پر آنکھ بند کرکے یقین کرتی ہے کہ خیبر کے مرد اپنی جرات اور جواں مردی میں اپنی مثال آپ ہیں۔ ان سے زیادہ جری اور بے خوف قوم دنیا میں کوئی اور نہیں ہے۔ اس طرح پختون خواتین بھی اپنی حیاء اور پردے کے باعث ایک منفرد مقام رکھتی ہیں۔ گھروں میں رہنے والی باپردہ خواتین ہر قسم کے مسئلے میں اپنے مردوں کے شانہ بشانہ ہوتی ہیں۔ جُرت اور بہادری میں یہ اپنے مردوں سے کم نہیں ہوتیں۔

شٹل کاک برقعہ میں ملبوس خواتین اگرچہ بہت نازک اندام دکھائی دیتی ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان میں سے ہر اک کسی چٹان کی مانند اٹل اور مضبوط ہوتی ہیں۔ یہ شٹل کاک برقعہ پٹھان عورت کی پہچان ہے۔ آپ ان کودلائل سے یا زبردستی کسی بھی طرح اس پردے سے نہیں نکال سکتے۔ وہ اس معاملے میں دوسروں کے ہر دلائل کو رد کردیتی ہیں۔ اور اسی میں خود کو محفوظ تصور کرتی ہیں۔ اگرچہ حقوق نسواں کی بہت سی تنظیموں نے اور غیر ملکی میڈیا نے اس کو عورت کا استحصال قرار دیا ہے۔ اور پوری کوشش کی کہ پٹھان خواتین کو اس سے فرار کا راستہ دکھایا جائے۔ لیکن ان غیرت مند خواتین نے ان تمام کوششوں کو رد کردیا۔ ان کا کہنا یہ کہ اسلام ہمیں پردے کا درس دیتا ہے اور شٹل کاک برقعہ ہی اس سلسلے میں ہمارا مددگار ہے۔ آپ کو بتاتے چلیں کہ یہ برقعہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے منفرد ہوتا ہے۔ کیونکہ اس کی بناوٹ ایسی ہوتی ہے کہ اس میں خواتین مکمل طور پر چُھپ جاتی ہیں۔ دیکھنے والے کو ان کی جسمانی ساخت اور نشیب و فراز کا اندازہ لگانا ناممکن ہوجاتا ہے۔ یہ شٹل کاک چڑی چکھا کی صورت میں ہوتا ہے اسی لئے اس کے نام کی نسبت بھی اسی سے ہے۔ اس کی ٹوپی سر پر رکھتے ہیں اور برقعے کی شال چاروں طرف سے عورت کو ڈھانپ دیتی ہے۔ دیکھنے والوں کی اچھی بری نظریں اس سے ٹکرا کر واپس پلٹ جاتی ہیں۔ پٹھان عورت کیلئے یہ برقعہ ایک مضبوط قلعے کی مانند ہوتا ہے اور وہ اس میں چُھپ کر بیرونی خطروں کا مقابلہ بڑی دلیری سے کرتی نظر آتی ہیں۔

> *مغربی دنیا میں حقوقِ نسواں پر بہت کام ہوا اور انیسویں صدی میں فرانس کی سرزمین سے شروع ہونے والی اس تحریک نے رفتہ رفتہ پوری دنیا میں اپنے قدم جمائے۔ اس تحریک کا مقصد خواتین کو سماجی حقوق کے ساتھ ساتھ حق رائے دہی دینا بھی تھا۔*

اس کے علاوہ خانگی و گھریلو تشدد سے نجات اور آبروریزی سے تحفظ بھی تحریک کا ایجنڈا تھا۔ اس تحریک کے مقاصد بہت اعلیٰ ہونے کے باوجود بعض اوقات تحریک نسواں پر کام کرنے والے اکثر اوقات حد سے تجاوز کرجاتے ہیں۔ ایسے ہی کسی موقع پر ایک ماڈرن سوشل ورکر خاتون نے ایک پٹھان خاتون سے کہا کہ اب زمانہ بدل گیا ہے آپ کو کیا اس برقعہ میں گٹھن کا احساس نہیں ہوتا۔ اب تو آپ اس سے چھٹکارا حاصل کرلیں۔ تو اُس کم تعلیم یافتہ پٹھان عورت نے تاریخی جواب دیا۔ اُس نے کہا کہ زمانہ تو اپنی رفتار کے ساتھ ترقی کرتا رہے گا۔ اگر اس کا تعلق پردے سے ہے تو آج میں گٹھن کا شکار ہوکر برقعہ اُتار دوں تو کل کو میری بیٹی دوپٹہ بھی اُتار دے گی اور اسی سوچ کے ساتھ کل میری پوتی کپڑے بھی اُتار دے گی۔ اس لئے آج میں اس روایت کی بنیاد کیوں ڈالوں۔۔۔ اگر ماڈرن ہونے کا مطلب بے لباس ہونا ہے تو سب سے زیادہ ماڈرن تو ہمارے جانور ہیں۔ پٹھان عورت کی جرت مندانہ جواب نے اُس سوشل ورکر کے منہ کو تالا لگادیا۔ یہہ صاف گوئی اور اپنے اقدار و ثقافت سے محبت پٹھان قوم کا خاصہ ہے۔ دنیا جس برقعہ کو پٹھان عورت کی مجبوری سمجھتی ہے وہ ان کے لئے ایک تحفظ گاہ ہے۔ یہ غیرت مند خواتین برقعہ کو اپنے زیور سے زیادہ اہم سمجھتی ہیں اور حیا ء کی نشانی گردانتی ہین۔ اگرچہ رفتہ رفتہ زمانہ بدل رہا ہے اب فیشن انڈسٹری نے عورت کی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے نئے نئے قسم کے جدید مشینی برقعہ بناتے ہیں جو پردے اور جدت کا حسین امتزاج ہوتے ہیں اور خواتین میں بہت مقبول نظر آتے ہیں۔ مگر اس سب کے باوجود شٹل کاک برقعہ کی اہمیت نہ کم ہوئی ہے اور نہ کم ہوگی۔ بلکہ پٹھان عورت ہمیشہ اس شٹل کاک برقعہ سے اپنے مذہب سے محبت اور اپنی ثقافت کو اُجاگر کرتی نظر آتی ر ہیں گی۔

Go to Content Page

ہنرمند پختونخوا

مقبول مصور و خطاط رفعت خٹک

محمدآحسن زیب

خیبرپختونخوا ہر قسم ہنر کے حوالے میں بھی اپنی مثال آپ ہے۔ فن خطاطی ہو یا مصوری ، موسیقی ہو یا دستکاری روائتی کھیل ہو یا گھریلوں صنعت پختونخوا پورے پاکستان میں اپنی ہنرمندوں کی کاوشوں کی وجہ سے بین الاقوامی شہرت کا حامل صوبہ ہے۔ پختونخوا کیانہی ہنرمندوں میں ضلع نوشہرہ سے تعلق رکھنے والا رفعت خٹک بھی فن مصوری میں ایک اعلیٰ مقام رکھتا ہے۔ موصوف ۱۹۶۳ کو شیدو ضلع نوشہرہ میں سفیداللہ خان خٹک کے معزز گھرانے میں پیدا ہوئے، انہوں نے میٹرک اپنی آبائی گاوں سے حاصل کیا اور پھر ایف اے گورنمنٹ کال نوشہرہ سے حاصل کرلیا ہے ۔ بچپن میں رفعت خٹک محلے کی دیواروں پر چارکول سے تصاویر بناتے تھے ۔خطاطی کی تربیت اپنے سکول ماسٹر سراج الاسلام سراج سے حاصل کی ۔ سراج الاسلام سراج اس وقت کے ایک باصلاحیت خطاط، مصور اور شاعر تھے ۔ رفعت خٹک نے دریائے کابل کے کنارے ریت پر بھی نقش و نگار کرکے مصوری کی ہیں ۔ ایف اے کرنے کے بعد آپ نے باقاعدہ آرٹ کی تعلیم پی این سی اے اسلام آباد سے حاصل کرکے اب وزارت اطلاعات و براڈکاسٹنگ میں ہیڈ آف آرٹ اینڈ ڈیزائننگ کے عہدے پر ذمہ داری نبھارہے ہیں۔ فطرت اور کلچر رفعت خٹک کا بنیادی مضمون ہے اس کے علاوہ سوات کے آئی ڈی پیز پر بھی کام کرکے خوب داد وصول کی ہے۔ آپ آب رنگ، خطاطی اور ڈیزائننگ میں ماہر ہے، کئی ادبی کتب کے ٹائٹل بھی بنا چکے ہیں۔ آپ نے کئی اہم اداروں کے لئے لوگو بھی بنوائے ہیں جس میں وزارت آبادی و دیہی ترقی حکومت پاکستان اور بہت سارے غیرسرکاری تنظیمیں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ قومی اور بین الاقوامی اداروں کے مختف ورکشاپس کے ذریعے سینکڑوں نوجوانوں کی تربیت بھی کی ۔ اس کے علاوہ آپ نے کئی ایوارڈز بھی جیتے ہیں جس میں پہلا ہینڈ میڈ کارڈز مقابلہ ۱۹۸۷ میں پہلی پوزیشن ، آل پاکستان کیلیگرافی مقابلہ ۱۹۹۰ میں دوسری پوزیشن، آل پاکستان آب رنگ مقابلہ ۱۹۹۳ پشاور میں دوسری پوزیشن، خصوصی انعام آل پاکستان پینٹنگ مقابلہ ۱۹۹۹، خصوصی انعام پوسٹر مقابلہ ۲۰۰۲ انسداد منشیات راولپنڈی، پہلی پوزیشن آل پاکستان پینٹنگ مقابلہ ۲۰۰۳، ۲۰۰۴ وغیرہ شامل ہے۔ اسی طرح سرکاری و غیرسرکاری اداروں سے درجنوں توصیفی اور تعریفی اسناد بھی حاصل کرچکے ہیں۔ آپ مختلف اوقات میں آرٹ کے مختلف مقابلوں میں جج کے فرائض بھی انجام دے چکے ہیں ۔ یقیناًآپ پختونخوا کے باصلاحیت ہنرمندوں میں شامل ہیں ۔



خیبرپختونخوا میں اشاعت کتب

تحریر! احتشام طورو

2016ء میں بحرانی کیفیت، کاغذ کی بڑھتی قیمتوں اور کتابیں پڑھنے والوں کی کمی کے باوجود پشتو ادب کی 2500کتابیں شائع ہوئیں اور پشتو کے لکھاری بالخصوص نوجوان شعراء ، لکھاریوں اور ریسرچرز نے اس سلسلے میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے سال بھر ادبی تقاریب و سیمینار کا انعقاد کیا ، چند ادبی تنظیمیں بھی سوشل میڈیا، نجی ریڈیو اور ٹی وی چینلز پر متحرک نظر آئیں اور انہوں نے سال بھر چند نایاب ادبی نسخے متعارف کرائے ،پشتو کے ادبی ماہرین کے مطابق سال 2016ء میں رومانیت،جدیدیت ، قیام امن اور دہشت گردی کیخلاف آواز بلند کرنے کے موضوع پر 2500کتابیں شائع ہوئیں، پشتو ادب کی معروف لکھاری اور سابق ڈائریکٹر پشتو اکیڈمی مس شاہین نے بتایا کہ یہ بات بہت حوصلہ افزاء ہے کہ متعدد خواتین لکھاریوں نے ادب اور تحقیق کے شعبے میں اپنے جوہر دکھائے کیونکہ ایک پختون آدمی کو خواتین کی اہمیت کا ادراک ہے، انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال روبب ملک ، بشریٰ خاتون، فرخندہ لیاقت ، بشریٰ فرخ، ثمینہ قادر، شاہدہ سردار، کلثوم زیب، زری لئیق اور دیگر نے اپنی اپنی تصانیف شائع کروائیں، سوات سے تعلق رکھنے والی نوجوان لکھاری زری لئیق نے انگریزی شاعری کی دوسری کتاب شائع کروائی تاہم خواتین لکھاریوں کو مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ان کا ٹیلنٹ نکھر کر سامنے آئے کیونکہ لڑکیوں میں بہت ٹیلنٹ موجود ہے ،سال 2015ء کے مقابلے میں2016ء میں زیادہ خواتین نے پشتو نثر کے حوالے سے لکھا، کراچی ، کوئٹہ، پشاور ، بنوں ، نوشہرہ ، مردان اور سوات کے نجی پبلشرز اور ادبی تنظیموں نے شاعری، نثر، افسانہ،سفرنامہ ،میوزک، مذہب، آثار قدیمہ اور تعلیم کے حوالے سے درجنوں کتابیں شائع کیں، کراچی میں مقیم پشتو لکھاری مقام خٹک نے مختلف موضوعات پر اپنی سرپرستی میں 6کتابیں شائع کروائیں ، انہوں نے پہلی بار ''الفریڈ فرانسز بکن'' کی منتخب کہانیوں کا پشتو ترجمہ شائع کروایا،

پشتو سے پشتو لغت (ڈکشنری) بھی مکمل ، ڈائریکٹوریٹ آف کلچر نے بھی 33کتابیں شائع کیں، ہندکو کی 60کتابیں زیر طباعت ہیں)

پشاور کے ایک پبلشر اور نوجوان پشتو شاعر عامر خان نے بتایا کہ ممتاز اورکزئی اور شاہین بونیری کی نثر اور شاعری کی کتابیں مارکیٹ میں فروخت کے حوالے بہترین کتابیں رہیں، ان کے علاوہ پشاور میں کتابوں کی نئی دکانیں بھی کھل رہی ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہاں کتاب پڑھنے کا رواج پھر سے فروغ پا رہا ہے ، اس کے علاوہ 40اُردو کی کتابیں بھی شائع ہو کر مارکیٹ میں آئیں، جامعہ پشاور کی پشتو اکیڈمی نے گزشتہ سال تحقیق پرمبنی پشتو سے پشتو لغت(ڈکشنری) کی 8بھاری بھر کم کتابیں مکمل کیں اس سلسلے میں اکیڈمی کے ڈائریکٹر پروفیسر نصر اللہ وزیر نے بتایا کہ 13جلدوں پر مشتمل پشتو سے پشتو لغت (ڈکشنری) جو پہلے شائع ہو چکی ہے اب یہ ایک ہی جلد میں دستیاب ہو گی ، انہوں نے مزید بتایا کہ پشتو کتابوں کی مارکیٹ مستقبل میں مزید ترقی کرتی ہوئی نظر آرہی ہے کیونکہ نوجوانوں میں تاریخ، زبان، ادب اور ثقافت کے حوالے سے کتابیں پڑھنے کا شوق بڑھ رہا ہے، پشتو اکیڈمی نے 16پی ایچ ڈی سکالرز کو کامیاب قرار دیا جبکہ 6تحقیقی جنرلز ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کو منظوری کیلئے بھجوانے کے ساتھ ماہانہ میگزین بھی (وائے)

(متعدد خواتین لکھاریوں نے اپنی تحقیق پر مبنی کتابیں شائع کروائیں ،خیبرپختونخوا میں کتاب پڑھنے کا کلچر فروغ پانے لگا، سٹور کھلنے لگے

گیٹیگری میں پہنچ چکا ہے، انہوں نے کہاکہ نوجوان لکھاریوں اور تحقیق کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے تاکہ وہ پشتو زبان و ادب کے حوالے سے مزید کام کریں ، سوات کے رہائشی پشتو شاعر عثمان اولس یار نے بتایا کہ ادبی و ثقافتی تنظیموں نے کتابوں کی اشاعت کے ساتھ ساتھ سوات میں تقریبات و سیمینار کا انعقاد بھی کیا جہاں سوات کے نوجوان لکھاریوں اور تحقیق کرنے والوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی جس سے ثابت ہوتا ہے کہ سوات میںامن قائم ہو چکا ہے ،ان کے علاوہ عام لوگوں نے بھی اس سلسلے میں تعاون کیا ، ہندکو زبان کے سینئر لکھاری اور گندھارا ہندکو بورڈ کے وائس چیئرمین ڈاکٹر صلاح الدین نے بتایاکہ گندھارا ہندکو بورڈ نے بھی سال 2016ء میں ہندکو زبان کی 40کتابیں شائع کیں جبکہ 60کتابیں زیر طباعت ہیں ، انہوں نے کہاکہ ہندکو کتابوں کی مارکیٹ کے فروغ میں کچھ وقت لگے گا اور 1960ء کے بعد پہلی بار ہندکو کتابیں شائع ہو رہی ہیں اس کے علاوہ ہندکو کتابیں آن لائن پڑھنے کیلئے بھی دستیاب ہیں ، خیبرپختونخوا کلچر ڈائریکٹوریٹ نے بھی پشتو، اُردو ، ہندکواور چترالی زبان کی 33کتابیں شائع کرکے واضح کیا کہ معیاری کتابوں کی ان کے زیر نگرانی و سرپرستی اشاعت مستقبل میں بھی جاری رہے گی، کلچر ڈائریکٹوریٹ کے ایک اہلکار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ خیبرپختونخوا حکومت نے کتاب کلچر کے فروغ اور لکھاریوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ان کی کتابوں کی اشاعت کیلئے بڑی رقم مختص کر رکھی ہے،

2016ء ، پشتو کی 2500 ہندکو اور اُردو کی 40،40 کتابوں کی اشاعت

حمزہ بابا ادبی جرگہ کے سربراہ اور سینئر شاعر کلیم شنواری نے بتایا کہ فاٹا میں بھی ادب فروغ پا رہا ہے اور 50کے قریب ادبی تنظیمیں اپنی مدد آپ کے تحت کتابوں کی اشاعت کے ساتھ ادبی و ثقافتی تقریبات و سیمینار کر چکی ہیں، انہوں نے کہاکہ خیبرپختونخوا کلچر ڈائریکٹوریٹ کی طرح فاٹا سیکرٹریٹ کو بھی قبائلی علاقوں میں ادب کے فروغ کیلئے کوئی سکیم متعارف کرانی چاہیے ، انہوں نے کہاکہ فاٹا میں بھی متعدد کتابیں شائع ہو ئیں ۔



SARDAR ALI
A POTTER

Pottery is the ceramic material which makes up pottery wares, of which major types include earthenware, stoneware and porcelain. The place where such wares are made is also called a pottery. Pottery also refers to the art or craft of a potter or the manufacture of pottery.

Sardar Ali, who has been working in this profession from the last 15 years.

Pottery is his family occupation, he is already training students into this profession to preserve this craft and keep alive his family legacy.

Go to Content Page

خیبرپختونخوا کی ثقافتی صنعتیں اور اسکی بقاء

سلیم اللہ جان



خیبرپختونخوا کی ثقافت دو ہزار سال پرانی ہے۔ خیبر پختونخوا ۹ نومبر۱۹۰۱میں صوبہ بنا جسکا نام شمال مغربی سرحدی صوبہ رکھا گیا اس صوبے کا اختیار ناظم اعلیٰ کو دیا گیا جو مشیروں کی مدد سے نظام چلاتا تھا اسکے بعد پھر با ضابطہ طور پر لارڈ کراون کی صدارت ۲۶ اپریل ۱۹۰۲کو اس صوبے کا افتتاح ہوا۔ اور صوبے کے پانچ اضلاع مختص ہوئے جن میں پشاور، ہزارہ، کوہاٹ بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان جبکہ مالاکنڈ کی تین ریاستیں دیر سوات اور چترال شامل کی گئی تھیں

